قرآنی آیتوں
سے
علاج
مرتب : محمد الہی

قرآنی آیتوں
سے
علاج
مرتب : محمد الہی

نام کتاب: قرآنی آیتوں سے علاج

مرتب : محمد الہی

اشاعت : ۲۰۱۵

قیمت : ۵۰ روپے

ISBN NO.: 978-81-88455-68-3

ناشر:

اسلامی کتاب گھر

پبلشرز اینڈ ڈسٹریبیوٹرز

۲۸۶۱، کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی۔۲

9210029474, 8010149415, 23260586

E-mail : islamikitabghar@hotmail.com

Website : www.islamikitabghar.com

فہرست

پیش لفظ

یہ تمام دعائیں قرآن مجید سے لی گئی ہیں۔ دعاؤں کی قبولیت کے لیے نماز کی پابندی اور عقیدے کی پختگی ضروری ہے۔ اللہ کا قرب دعا کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ دعاؤں سے تقدیریں بدل جاتی ہیں۔ دعاء مومن کا ہتھیار اور شیطان سے حفاظت ہے۔

حدیث میں ہے کہ دعاء کے علاوہ صدقہ بھی برائی کے ستر (۷۰) دروازے بند کر دیتا ہے۔ صدقہ قبر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور تکبر اور فقر ہٹا دیتا ہے۔ جو اخلاص سے صدقہ دیتا ہے اللہ اس کی آمدنی میں خیر و برکت عطا کرتا ہے۔

اللہ کی ذات و صفات میں کسی کو ملانا شرک کہلاتا ہے۔ ہر مراد پوری کرنے والا وہی وحدہٗ لاشریک ہے۔ اسی لیے صرف اللہ ہی سے مانگو مگر سچے عقیدے کے ساتھ۔ کیونکہ یہی سچے مومن کی نشانی ہے۔ شرک انسان کے اعمال کو برباد کر دیتا ہے۔ چاہے وہ کتنا ہی نیک، عبادت گزار یا تہجد گزار ہی کیوں نہ ہو۔

دو باتوں پر ضرور دھیان دیجئے:

۱۔ دوا کرنا سنت ہے اور دعاء کرنا بھی سنت ہے، جو دعائیں ہم نے اس کتابچہ میں درج کی ہیں اس کے یہ معنیٰ نہیں کہ کوئی مریض دوا کرنا بند کردے بلکہ دوا اور دعاء دونوں جاری رکھیں، البتہ قرآنی دعاء مرتبہ میں دوا سے بڑھ کر ہے۔ دوا میں تاثیر اللہ ہی پیدا فرماتے ہیں اور دعاء بھی اللہ کے چاہنے سے قبول ہوتی ہے۔

اسی لئے پیغمبروں کی تعلیم میں یہ بتایا گیا ہے:

(سورۂ ابراہیم: ۳۹۔۴۰)

ترجمہ: "بے شک میرا رب دعاء اور پکار کا سننے والا ہے۔ اے میرے پروردگار مجھ کو اور میری اولاد کو نماز قائم رکھنے والا بنادے، اے ہمارے رب ہماری دعاء قبول فرما۔"

۲۔ دعاء کا فائدہ اللہ کے چاہنے سے ہر اس شخص کو ہوگا جو شرک سے پرہیز کرے اور نمازوں کی پابندی کرے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "قرآن مجید" میں ہماری تمام مشکلات اور پریشانیوں کا حل بتا دیا ہے ان میں سے کچھ خاص آیتوں اور دعاؤں کو اس مجموعے میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

انسان غلطیوں کا مجموعہ ہے، اس لحاظ سے اس کتاب کی اشاعت میں بڑی احتیاط برتی گئی ہے، لیکن پھر بھی اگر کوئی غلطی یا خامی اس کتاب میں رہ جائے تو ناشر کو ضرور مطلع کریں۔

آخر میں یہ بات پھر دہرادوں کہ دعاؤں کی قبولیت کے لیے نماز کی پابندی اور عقیدے کی پختگی نہایت ضروری ہے۔

اللہ ہم سب پر رحم و کرم فرمائے (آمین)

وما توفیقی الا باللہ

ناشر

ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھیں

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾

"اے پروردگار! جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں کجی نہ پیدا کر دیجیو اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما۔ تو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے"

(سورۂ آل عمران: ۸)

آنحضور ﷺ کی شفاعت نصیب ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کریمہ کو پڑھیں

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

"(لوگو) تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغمبر آئے ہیں۔ تمہاری تکلیف انکو گراں معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں۔ (اور) مومنوں پر نہایت شفقت کرنیوالے (اور) مہربان ہیں۔ پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں اور (نہ) مانیں تو کہہ دو کہ خدا مجھے کفایت کرتا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔"

(سورہ توبہ: ۱۲۸، ۱۲۹)

دعا کی قبولیت کے لیے

دعا کرنے سے پہلے اس آیت کو تین دفعہ پڑھیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ
اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ ﴿٨٧﴾

"... تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بے شک میں قصوروار ہوں۔"

(سورۃ انبیاء : ۸۷)

جنت الفردوس حاصل کرنے کے لیے

جنت الفردوس حاصل کرنے کے لیے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (۱۱)، اکیس (۲۱) یا اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔

وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ﴿۸۵﴾

"اور مجھے نعمت کی بہشت کے وارثوں میں کر۔"

(سورۃ الشعراء : ۸۵)

نعمت کی خواہش کے لیے

کسی کو کسی بھی نعمت کی خواہش ہو وہ اس نعمت کو ذہن میں رکھ کر اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے پڑھے۔ انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾

"پروردگار میں محتاج ہوں کہ تو مجھ پر اپنی نعمت نازل فرمائے۔"

(سورۃ القصص : ۲۴)

عزت پانے کے لیے

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظر سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت قائم ہو جائے تو وہ اس آیت کو ۱۱۱ دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لے

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

"وہ (ذات) پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے۔"

(سورہ یٰسین: ۸۳)

دنیا اور آخرت کی نعمتوں کے لیے

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ دنیا میں بھی وہ ہر نعمت سے نوازا جائے اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ اس کو کسی نعمت سے محروم نہ کرے تو وہ اس آیت کو صبح و شام تین مرتبہ پڑھے۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِیْهَاۤ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ۚ۬ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَ لَهُمْ فِیْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ

جنت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے اسکی صفت یہ ہے

کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جو بو نہیں کرے گا اور دودھ کی

نہریں ہیں جس کا مزہ نہیں بدلے گا اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے

والوں کے لئے (سراسر) لذت ہے اور شہد مصفی کی نہریں ہیں

(جو حلاوت ہی حلاوت ہے) اور (وہاں) ان کے لئے ہر قسم کے

میوے ہیں اور انکے پروردگار کی طرف سے مغفرت ہے..."

(سورۂ محمد : ۱۵)

چہرے پر نور پیدا کرنے کے لیے

دل پر اور چہرے پر نور پیدا کرنے کے لیے روزانہ ایک مرتبہ اپنے اوپر پڑھ کر پھونکیں۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِىْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِىْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ ﴿۳۵﴾

"خدا آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال ایسی ہے کہ گویا

ایک طاق ہے جس میں چراغ ہے اور چراغ ایک قندیل میں ہے اور قندیل

(ایسی صاف وشفاف ہے کہ) گویا موتی کا سا چمکتا ہوا تارا ہے اس میں

ایک مبارک درخت کا تیل جلایا جاتا ہے (یعنی) زیتون کہ نہ مشرق کی

طرف ہے نہ مغرب کی طرف (ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) اس کا تیل خواہ

آگ اسے نہ بھی چھوئے جلنے کو تیار ہے (بڑی) روشنی پر روشنی (ہو

رہی ہے) خدا اپنے نور سے جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے اور

خدا (جو مثالیں) بیان فرماتا ہے (تو) لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے

اور خدا ہر چیز سے واقف ہے۔"

(سورۂ نور: ۳۵)

حج پر جانے کی طلب ہو

اگر کسی کو حج پر جانے کی طلب ہو اور کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو کثرت سے اس آیت کا ورد کریں جب تک امید کی کرن نہ مل جائے

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ۭ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾

"بے شک خدا نے اپنے پیغمبر کو سچا (اور) صحیح خواب دکھایا کہ تم خدا نے چاہا تو مسجد حرام میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے بال کترو اکر امن و امان سے داخل ہو گے اور کسی طرح کا خوف نہ کرو گے جو بات تم نہیں جانتے تھے اس کو معلوم تھی تو اس نے اس سے پہلے ہی جلد فتح کرا دی۔"

(سورۃ الفتح: ۲۷)

سیدھی راہ پر لانے کے لیے

اگر کوئی سیدھی راہ سے بھٹک جائے، اچھائی. برائی کی تمیز نہ رہے اس کو ۳۱۳ دفعہ پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک اس کی حالت سدھر نہ جائے

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾

"اور ان کو سیدھا راستہ دکھایا۔"

(سورۃ الصّٰفّٰت : ۱۱۸)

جو سیدھے راستے سے بھٹک جائے

جو دین سے غافل ہو سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے کاموں میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ۱۰۱ دفعہ پڑھ کر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائیں۔

أُولَٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝٥

"یہی لوگ اپنے پروردگار (کی طرف) سے ہدایت پر ہیں اور یہی نجات پانے والے ہیں۔"

(سورۃ البقرہ: ۵)

عمل کا وزن بھاری کرنے کے لیے

عزت اور آبرو اور وقار حاصل کرنے کے لیے، بخار کے لیے، زخم کو ٹھیک کرنے کے لیے، اچھے کاموں میں نام پیدا کرنے کے لیے، عمل کا وزن بھاری کرنے کے لیے، روزانہ ۷ دفعہ پڑھیں۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۳۷﴾

"پس خدا ہی کو ہر طرح کی تعریف (سزاوار) ہے جو آسمانوں کا مالک اور زمین کا مالک (اور) تمام جہان کا پروردگار ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں اسی کے لئے بڑائی ہے اور وہ غالب اور دانا ہے۔"

(سورۃ الجاثیہ: ۳۶-۳۷)

دل میں وسوسہ ہو یا خیالات پراگندہ ہوں

کثرت سے ان آیتوں کو پڑھیں

رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ﴿۹۷﴾

وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

"...اے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے پروردگار! اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں"

(سورۂ مومنون: ۹۷، ۹۸)

رزق میں کشادگی کے لیے

ہر نماز کے بعد اس آیت کو کم از کم سات دفعہ پڑھیں۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

"اور کہیے کہ اے خدا (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے
بادشاہی بخش دے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس
کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی
تیرے ہی ہاتھ ہے (اور) بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات
کو دن میں داخل کرتا اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور
تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو ہی جاندار سے بے جان
پیدا کرتا ہے اور تو ہی جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق بخشتا ہے۔"

(سورۂ آل عمران: ۲۶، ۲۷)

کاروبار میں ترقی ہو

آیت الکرسی پڑھ کر روزانہ تجارت کے مال پر دم کریں

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا
بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا
یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾

خدا (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

زندہ ہمشہ رہنے والا اسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند جو کچھ آسمانوں اور

زمین میں ہے سب اسی کا ہے کون ہے کہ اسکی اجازت کے بغیر اس سے

(کسی کی) سفارش کر سکے۔ جو کچھ لوگوں کے روبرو ہو رہا ہے اور جو کچھ

ان کے پیچھے ہو چکا ہے اسے سب معلوم ہے اور وہ اس کی معلومات میں

سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے، ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے

(اسی قدر معلوم کرا دیتا ہے) اسکی بادشاہی (اور علم) آسمان اور زمین

سب پر حاوی ہے اور اسے ان کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں وہ بڑا عالی

رتبہ اور جلیل القدر ہے۔

(سورۂ بقرہ: ۲۵۵)

کام اور بوجھ کی آسانی کے لیے

ہر نماز کے بعد اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ لیں۔

اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ
ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا
مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْۤا
اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾

"اب خدا نے تم پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور معلوم کر لیا کہ (ابھی) تم میں کسی قدر کمزوری ہے۔ پس اگر تم میں ایک سو ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب رہیں گے، اور اگر ایک ہزار ہوں گے تو خدا کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے۔ اور خدا ثابت قدم رہنے والوں کا مدد گار ہے۔"

(سورۂ انفال: ٦٦)

قرض کی ادائیگی کے لیے

صبح و شام اس آیت کو کثرت سے پڑھیں

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۶﴾

"اور کہیے کہ اے خدا (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخش دے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے (اور) بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔"

(سورۂ آل عمران: ۲۶)

من پسند خریداری کے لیے

سامان، کپڑا، گھر اور زمین جائیداد وغیرہ کی خریداری کے وقت دیکھنے بھالنے کے دوران ان آیتوں کو برابر پڑھتے رہیں۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۖ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ﴿٦٨﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ﴿٧٠﴾

"انہوں نے کہا اپنے پروردگار سے التجا کیجئے کہ وہ ہمیں یہ بتائے کہ وہ
بیل کس طرح کا ہو۔ (موسیٰ نے) کہا پروردگار فرماتا ہے کہ وہ بیل نہ تو
بوڑھا ہو اور نہ بچھڑا بلکہ ان کے درمیان (یعنی جوان) ہو سو جیسا تم کو
حکم دیا گیا ہے ویسا کرو۔ انہوں نے کہا اپنے پروردگار سے درخواست کیجیے
کہ ہم کو یہ بھی بتائے کہ اس کا رنگ کیسا ہو، موسیٰ نے کہا پروردگار
فرماتا ہے کہ اس کا رنگ گہرا زرد ہو کہ دیکھنے والوں (کے دل) کو خوش
کر دیتا ہو۔ انہوں نے کہا (اب کے) پروردگار سے پھر درخواست کیجئے
کہ ہم کو بتادے کہ وہ اور کس کس طرح کا ہو کیونکہ بہت سے بیل ہمیں
ایک دوسرے کے مشابہ معلوم ہوتے ہیں، پھر خدا نے چاہا تو ہمیں
ٹھیک بات معلوم ہو جائے گی۔"

(سورۂ بقرہ: ۶۸-۷۰)

جھوٹے مقدمہ سے نکلنے کے لیے

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو وہ اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

"اور خدا اپنے حکم سے سچ کو سچ ہی کر دے گا اگرچہ گنہگار بُرا ہی مانیں۔"

(سورہ یونس: ۸۲)

مقدمہ کی کامیابی کے لیے

مقدمہ کی کامیابی کے لیے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد ۱۳۳ دفعہ پڑھیں۔ حق پر ہو تو پڑھے، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

"اور کہہ دو کہ حق آگیا اور باطل نابود ہوگیا بے شک باطل نابود ہونے والا ہے۔"

(سورۃ الاسراء: ۸۱)

اگر کسی کا کوئی کام اٹکا ہوا ہو اور ہر جائز مراد کے لیے اس دعا کو عقیدے کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہیں۔ یہ دعا فتح کے دروازے کھول دیتی ہے۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ۝٥

"اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔"

(سورۃ الضحیٰ : ۵)

ہر جائز مراد کے لیے

ہر جائز مراد کے لیے اور ہر مشکل کی آسانی کے لیے ان آیات کو ۱۱۳دفعہ پڑھیں

يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

"... مومن خوش ہو جائیں گے۔ (یعنی) خدا کی مدد سے وہ جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے اور وہ غالب (اور) مہربان ہے۔"

(سورۃ الروم: ۴،۵)

بیٹے یا بیٹی کی شادی کے لیے

جس کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو تو وہ اس مراد کے لیے ۲۱ دن تک ۳۱۳ دفعہ پڑھے

وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿۵۴﴾

"اور وہی تو ہے جس نے پانی سے آدمی پیدا کیا پھر اس کو صاحب نسب اور صاحب قرابت دامادی بنایا اور تمہارا پروردگار (ہر طرح کی) قدرت رکھتا ہے۔"

(سورۃ الفرقان: ۵۴)

بچیوں کے رشتے کے لیے

بچیوں کے رشتے کے لیے اس دعا کو فجر کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ ایک تسبیح روزانہ پڑھیں۔

اِنَّمَآ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ﴿۸۲﴾

"اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرمادیتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔"

(سورۂ یٰسین : ۸۲)

خاوند کو راضی کرنا ہو

اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اسے خاوند کو کھلائیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾

"اور بعض لوگ ایسے ہیں جو غیر خدا کو شریک (خدا) بناتے اور ان سے خدا کی سی محبت کرتے ہیں لیکن جو ایمان والے ہیں وہ تو خدا ہی کے سب سے زیادہ دوست دار ہیں اور اے کاش ظالم لوگ جو بات عذاب کے وقت دیکھیں گے اب دیکھ لیتے کہ سب طرح کی طاقت خدا ہی کو ہے اور یہ کہ خدا سخت عذاب کرنے والا ہے۔"

(سورۂ بقرہ: ۱۶۵)

مکر و فریب اور جال سے نکلنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی کے مکر و فریب اور چال میں پھنس گیا ہو اور وہ بے قصور ہو تو وہ اس آیت کو کثرت سے پڑھے۔

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾

"...تو خدا نے انکی دعا قبول کر لی اور ان سے عورتوں کا مکر دفع کر دیا۔ بے شک وہ سننے (اور) جاننے والا ہے۔"

(سورۂ یوسف: ۳۴)

ناجائز تعلقات سے روکنا

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لیے گیارہ دن تک ۱۴۱ مرتبہ اس دعا کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

"کہہ دو کہ ناپاک چیزیں اور پاک چیزیں برابر نہیں ہوتیں گو ناپاک چیزوں کی کثرت تمہیں خوش ہی لگے۔ تو عقل والو خدا سے ڈرتے رہو تاکہ رستگاری حاصل کرو۔"

(سورۃ المائدہ: ۱۰۰)

میاں بیوی میں اختلاف ہو

اگر میاں بیوی میں اختلاف ہو، آپس میں محبت نہ ہو تو اس آیت کو ۹۹ دفعہ کسی مٹھاس پر ۳ دن تک پڑھ کر دم کریں اور دونوں کھائیں۔

وَمِنْ اٰیٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَیْهَا وَجَعَلَ بَیْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

"اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تاکہ ان کی طرف (مائل ہو کر) آرام حاصل کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کر دی جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔"

(سورۃ الروم: ۲۱)

نااتفاقی دور کرنے کے لیے

اگر کسی خاندان میں نااتفاقی ہو یا کسی شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو اور اتفاق پیدا کرنے کے لیے یہ آیت گیارہ (۱۱) دفعہ روزانہ پڑھیں۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾

"اور ان کے دلوں میں الفت پیدا کر دی۔ اگر تم دنیا بھر کی دولت خرچ کرتے تب بھی ان کے دلوں میں الفت پیدا نہ کر سکتے۔ مگر خدا ہی نے ان میں اُلفت ڈال دی۔ بیشک وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔"

(سورۃ الانفال: ۶۳)

اولاد کی خواہش کے لیے

جو اولاد سے نا امید ہو وہ ۴۱ دن تک ۳۰۰ دفعہ کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر آدھا خاوند اور آدھا بیوی کھائے۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷

"... اور آسمان اور اور جو کچھ ان دونوں میں ہیں سب پر خدا ہی کی بادشاہی ہے۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور خدا ہر چیز پر قادر ہے۔"

(سورۃ المائدہ: ۱۷)

اولاد کی نعمت کے لیے

جو اولاد کی نعمت سے محروم ہو وہ اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے کثرت سے ان آیات کا ورد کرے

الَّذِیٓ اَحۡسَنَ کُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِیۡنٍ ۚ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَهٗ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِیۡنٍ ۚ﴿۸﴾ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیۡهِ مِنۡ رُّوۡحِهٖ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ قَلِیۡلًا مَّا تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۹﴾

"جس نے ہر چیز کو بہت اچھی طرح بنایا (یعنی) اس کو پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کو مٹی سے شروع کیا۔ پھر اسکی نسل خلاصے سے (یعنی) حقیر پانی سے پیدا کی۔ پھر اسکو درست کیا پھر اس میں اپنی (طرف سے) روح پھونکی اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو۔"

(سورۃ السجدہ: ۷-۹)

حصولِ اولاد کے لیے

وظیفہ نمبر ا:

جس شخص کو اولاد کی طرف سے مایوسی ہو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ مندرجہ ذیل آیات پڑھا کرے۔ انشاء اللہ صاحبِ اولاد ہو گا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾

اور زکریا کو (یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔

(سورۃ الانبیاء : ۸۹)

وظیفہ نمبر ۲:

مندرجہ ذیل آیت چینی کے برتن میں مشک و زعفران و گلاب سے باوضو حالت میں لکھ کر پانی میں گھول کر خواہ مرد ہو یا عورت جس کو چاہے پلادیں، نیز اسے ایک کاغذ پر لکھ کر سیدھے بازو سے باندھ لیں۔ جماع کے وقت الگ کرلیں تو بہتر ہے۔

رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً‌ ۚ اِنَّكَ سَمِيۡعُ الدُّعَآءِ ۝۳۸

"...پروردگار! مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا فرما تو بے شک دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے۔"

(سورہ آلِ عمران: ۳۸)

وظیفہ نمبر ۳:

جمعہ کی شب کو آدھی رات کے بعد اٹھو اور مندرجہ ذیل آیت کو حلوے پر اس طرح لکھو کہ کوئی دیکھنے نہ پائے پھر اس کو کھا کر ہم بستری کرو۔ تین روز تک ایسا ہی کرو۔ مجرب المجرب ہے

يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ①

لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا (یعنی اوّل) اس نے اس کا جوڑا بنایا۔ پھر اُن دونوں سے کثرت سے مرد و عورت (پیدا کر کے روئے زمین پر) پھیلا دیئے اور خدا سے جس کے نام کو تم اپنی حاجت براری کا ذریعہ بناتے ہو ڈرو اور (قطع مودت) ارحام سے (بچو) کچھ شک نہیں کہ خدا تمہیں دیکھ رہا ہے۔

(سورۃ النساء: ۱)

وظیفہ نمبر ۴:

یہ وظیفہ صرف خواتین کے لیے ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس لونگ لے کر سات بار مندرجہ ذیل آیت پڑھے اور غسل حیض سے فراغت پاتے ہی ایک لونگ روزانہ رات کو کھا کر سو جائیں۔ اس کے بعد پانی نہ پئیں اور شوہر سے ملتی رہیں۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا ؕ وَ مَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

یا (ان کے اعمال کی مثال ایسی ہے) جیسے دریائے عمیق میں اندھیرے جس پر لہر چلی آتی ہو اور اسکے اوپر اور لہر (آ رہی ہو) اور اس کے اوپر بادل ہو غرض اندھیرے ہی اندھیرے ہوں ایک پر ایک (چھایا ہوا) جب اپنا ہاتھ نکالے تو کچھ دیکھ نہ سکے اور جس کو خدا روشنی نہ دے اس کو (کہیں بھی) روشنی نہیں (مل سکتی)۔ (سورۂ نور: ۴۰)

ولادت میں آسانی ہو

ولادت کے وقت اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر عورت پر دم کریں۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۳۰

"کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے تو ہم نے ان کو جدا جدا کر دیا؟ اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی سے بنائیں پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے؟"

(سورۂ انبیاء : ۳۰)

اولاد فرمانبردار ہو

بچے کے نام کو ذہن میں رکھ کر اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھیں۔

وَاَصۡلِحۡ لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ ۚؕ اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡکَ وَاِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿۱۵﴾

"اور میرے لیے میری اولاد میں صلاح (و تقوی) دے میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں ہوں"

(سورۂ احقاف: ۱۵)

ضدی بچہ کے لیے

اگر کسی کا بچہ ضدی ہو یا نافرمان ہو تو اس دعا کو بچہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿١٣﴾

"... اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی بارگاہ کا برگزیدہ کرلیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرے اسے اپنی طرف راستہ دکھا دیتا ہے۔"

(سورۃ الشوریٰ: ۱۳)

اولاد نافرمان ہو

جو اولاد والدین کی نافرمان ہو، اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں

إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ ۚ مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٥٦﴾

"میں خدا پر جو میرا اور تمہارا (سب کا) پروردگار ہے بھروسہ رکھتا ہوں (زمین پر) جو چلنے پھرنے والا ہے وہ اس کو چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے۔ بیشک میرا پروردگار سیدھے راستے پر ہے۔"

(سورۃ الھود: ۵۶)

پھل میٹھا ہو

پھل کاٹنے سے پہلے اس آیت کو پڑھیں۔

فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۱﴾

"... غرض (بڑی مشکل سے) انہوں نے اس بیل کو ذبح کیا اور وہ ایسا کرنے والے تھے نہیں۔"

(سورۂ بقرہ: ۷۱)

رنج و غم دور کرنے کے لیے

کثرت سے ان آیتوں کو پڑھیں۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾

"اور جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے سب اسی کی ہے اور وہ سنتا جانتا ہے۔"

(سورۂ انعام: ۱۳)

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اَنْ تَزُوْلَا ۚ

"خدا ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ ٹل نہ جائیں..."

(سورۂ فاطر: ۴۱)

چور، ڈاکو اور آگ سے حفاظت ہو

سونے سے پہلے اس آیت کو تین دفعہ پڑھ لیں۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

"اور یہ کہہ دیجئے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے نہ اپنی بادشاہت میں کسی کو شریک ساجھی رکھتا ہے اور نہ وہ کمزور ہے کہ اسے کسی کی ضرورت ہو اور تو اس کی پوری پوری بڑائی بیان کرتا رہ۔"

(سورۂ بنی اسرائیل : ۱۱۱)

سفر میں تحفظ کے لیے

روانگی سفر کی مسنون دعائیں پڑھنے کے بعد اس آیت کو پڑھیں۔

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا

هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾

وَاِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ ﴿۱۴﴾

"...وہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے زیر فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے۔

اور بالیقین ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔"

(سورۂ زخرف: ۱۳، ۱۴)

منزل پر پڑاؤ خوشگوار ہو

کسی بستی، شہر یا پکنک کی جگہ پر جائیں تو وہاں داخل ہونے سے پہلے اس آیت کو پڑھیں۔

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾

اور (یہ بھی) دعا کرنا کہ اے پروردگار ہم کو مبارک جگہ پر اتاریو اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے

(سورۂ مؤمنون: ۲۹)

کوئی چیز گم ہو گئی ہو

یَا حَفِیظُ (اے نگراں) (۱۱۹) دفعہ پڑھ کر اس آیت کو بھی (۱۱۹) دفعہ پڑھیں۔

یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾

"(لقمان نے یہ بھی کہا کہ) بیٹا اگر کوئی عمل (بالفرض) رائی کے دانے کے برابر بھی (چھوٹا) ہو اور ہو بھی کسی پتھر کے اندر یا آسمانوں میں (مخفی ہو) یا زمین میں خدا اس کو (قیامت کے دن) لا موجود کرے گا کچھ شک نہیں کہ خدا باریک بین (اور) خبردار ہے۔"

(سورۂ لقمان : ۱۶)

گمشدہ اور بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کے لیے

دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیت کو (۱۱۹) دفعہ پڑھیں۔ پھر اس کی واپسی کے لیے دعا کریں۔ یہ عمل چالیس (۴۰) دن تک جاری رکھیں۔

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ؕ

"(اے پیغمبر) جس (خدا) نے تم پر قرآن (کے احکام) کو فرض کیا ہے وہ تمہیں بازگشت کی جگہ لوٹا دے گا..."

(سورۂ قصص: ۸۵)

خطرہ اور مصیبت سے نجات کے لیے

اس آیت کو کثرت سے پڑھیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾

"... ہم کو خدا کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔"

(سورۂ آلِ عمران : ١٧٣)

دشمن کا خوف دفع کرنا ہو

اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے اسے پورے جسم پر پھیر لیں۔

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

"(وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں اُس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے۔ اور وہ بھید جاننے والا خبردار ہے۔"

(سورۂ انعام: ۱۰۳)

ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے

ظالم شخص کی موجودگی میں اس آیت کو آہستہ آہستہ پڑھیں۔

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

جو بات میں تم سے کہتا ہوں تم اسے آگے چل کر یاد کرو گے۔ اور میں اپنا کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بے شک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے

(سورۃ المؤمن: ۴۴)

زہریلے جانوروں سے حفاظت کے لیے

صبح و شام ان آیتوں کو پڑھیں۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۹﴾

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۸۰﴾

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۱﴾

"(یعنی) تمام جہان میں (کہ) نوح پر سلام۔ نیکو کاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔"

(سورۃ صافات: ۷۹۔۸۱)

سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہو

سانپ یا بچھو کے کاٹنے کے فوراً بعد اس آیت کو پڑھیں

نُوْدِیَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸﴾

"...ندا آئی کہ وہ جو آگ میں (بجلی دکھاتا) ہے بابرکت ہے اور وہ جو آگ کے ارد گرد ہیں اور خدا جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔"

(سورۂ نمل : ۸)

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ لیں۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ
بِالْوَصِيْدِ ؕ

"...اور ان کا کتا بھی چوکھٹ پر اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا۔"

(سورۃ کہف: ۱۸)

ہر مرض کے لیے

اس آیت کو پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ
وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

"...اور یہ قرآن جو ہم نازل کر رہے ہیں مومنوں کے لئے تو سراسر شفا اور رحمت ہے۔"

(سورۂ بنی اسرائیل: ۸۲)

سر میں درد ہو

سورۂ کوثر کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾

اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿۳﴾

"(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے۔ تو اپنے پروردگار کے لئے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا۔"

شقیقہ کے لیے

اس آیت کو ایک دفعہ پڑھ کر مریض پر دم کریں

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ

"ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟ (تم ہی انکی طرف سے) کہہ دو کہ خدا۔ پھر (ان سے) کہو کہ تم نے خدا کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کو کیوں کارساز بنایا ہے جو خود اپنے نفع و نقصان کا بھی کچھ اختیار نہیں رکھتے؟..."

(سورۂ رعد: ١٦)

حافظہ کمزور ہو

اس آیت کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر خود پر یا مریض پر دم کریں۔

سَنُقۡرِئُكَ فَلَا تَنۡسٰٓى ۙ﴿۶﴾

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ

"ہم تمہیں پڑھائیں گے کہ تم فراموش نہ کر سکو گے
مگر جو خدا چاہے..."

(سورۃ اعلیٰ: ۶،۷)

بھولنے کی بیماری ہو

سونے سے پہلے اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھیں۔

سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳۲﴾

"...تو پاک ہے جتنا علم تو نے ہمیں بخشا ہے اس کے سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں، بے شک تو دانا (اور) حکمت والا ہے۔"

(سورۂ بقرہ: ۳۲)

دل کے ہول کے لیے

اس آیت کو کثرت سے پڑھیں۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ ﴿۲۸﴾

"(یعنی) جو لوگ ایمان لاتے اور جن کے دل یادِ خدا سے آرام پاتے ہیں (انکو) اور سن رکھو کہ خدا کی یاد سے دل آرام پاتے ہیں۔"

(سورہ رعد: ۲۸)

نیند نہ آتی ہو

اس آیت کو بستر چھوڑنے سے پہلے گیارہ دفعہ پڑھیں۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾

"خدا اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔
اے مومنو! تم بھی پیغمبر پر درود اور سلام بھیجا کرو۔"

(سورۃ احزاب: ۵۶)

نگاہ کمزور ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کو تین دفعہ (۳) پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیں۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ
فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾

"...اب ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھادیا تو آج تیری نگاہ تیز ہے۔"

(سورۂ قٓ: ۲۲)

کان بہرے ہوں

اس آیت کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

"اور جب قرآن پڑھا جائے تو توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔"

(سورۂ اعراف: ۲۰۴)

نزلہ اور زکام ہو

کھانے سے پہلے اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر کھانے پر دم کریں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ﴿۱﴾

"سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر (یہ) کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی اور پیچیدگی نہ رکھی۔"

(سورۂ کہف: ۱)

دانت میں درد ہو

سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس آیت کو سات دفعہ پڑھیں اور دائیں ہاتھ پر دم کر کے متاثر جگہ پر پھیریں۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾

"اور اللہ ہی کی ملک ہیں وہ سب کچھ جو رات میں اور دن میں رہتی ہیں اور وہی بڑا سننے والا بڑا جاننے والا ہے۔"

(سورۂ انعام: ۱۳)

زبان میں لکنت ہو

ہر نماز کے بعد اس آیت کو (۲۱) دفعہ پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

"... میرے پروردگار (اس کام کے لئے) میرا سینہ کھول دے۔ اور میرا کام آسان کر دے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ وہ میری بات سمجھ لیں۔"

(سورۂ طٰہٰ: ۲۵۔۲۸)

گلے میں زخم یا خراش ہو

اس آیت کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دم کر کے اسے گلے کے اندر پہنچائیں۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾

"بھلا جب روح گلے میں آ پہنچتی ہے۔ اور تم اس وقت کی (حالت کو) دیکھا کرتے ہو۔"

(سورۂ واقعہ: ۸۳، ۸۴)

سینے میں درد ہو

اس آیت کو (۴۱) دفعہ پڑھ کر زم زم کے پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ

قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٤﴾

"...اور مومن لوگوں کے سینوں کو شفا بخشے گا۔"

(سورۂ توبہ: ۱۴)

کھانسی کے لیے

اس آیت کو (۴۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

سَلٰمٌ ۙ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾

"پروردگار مہربان کی طرف سے سلام (کہا جائے گا)۔"

(سورہ یٰسین : ۵۸)

اختلاج قلب کے لیے

فجر کی نماز کے بعد اس آیت کو (۲۱) دفعہ پانی میں دم کر کے اسے (۲۱) دن تک پیتے رہیں۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ⑧

"اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر دے اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بڑی عطا دینے والا ہے۔"

(سورۂ آل عمران : ۸)

پیٹ میں درد ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دم کر کے چاٹ لیں۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

"اور خدا ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے شکم سے پیدا کیا..."

(سورۂ نحل: ۷۸)

بد ہضمی ہو گئی ہو

اس آیت کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دم کر کے چاٹ لیں۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾

"اور ہم نے اس قرآن کو حق کے ساتھ اتارا اور یہ بھی حق کے ساتھ اترا ہم نے آپ کو صرف خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔"

(سورۃ بنی اسرائیل: ۱۰۵)

دست روکنے کے لیے

اس آیت کو ایک ہزار دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے سات دنوں تک مریض کو پلائیں۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا وَّ الَّذِیۡنَ ہُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ ﴿۱۲۸﴾

"کچھ شک نہیں کہ جو پرہیزگار ہیں اور جو نیکوکار ہیں خدا ان کا مددگار ہے۔"

(سورۂ نحل: ۱۲۸)

خوب پیاس لگتی ہو

اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ
فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ

"اور ہم ہی نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا پھر اس کو زمین میں ٹھہرا دیا..."

(سورۂ مومنون : ۱۸)

بھوک نہ لگتی ہو

اس آیت کو اکتالیس (۴۱) دفعہ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔

هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾

"وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔"

(سورۂ شعراء: ۷۹)

خوب بھوک لگتی ہو

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے کھانا کھانے سے پہلے پی لیں۔

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ﴿٢٢﴾

"اور تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے۔"

(سورہ ذاریات: ۲۲)

جگر کی بیماری کے لیے

روزانہ اس آیت کو پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ

وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾

"(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارا پروردگار جو صاحب جلال و عظمت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے۔"

(سورۂ رحمٰن: ٧٨)

پتّے کی بیماری کے لیے

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں۔

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ۵

"(یعنی خدائے) رحمٰن جس نے عرش پر قرار پکڑا۔"

(سورۂ طٰہٰ : ۵)

یرقان میں مبتلا ہو

اس آیت کو ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

"جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں (سب) خدا کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے۔"

(سورۂ حشر : ۱)

گردے میں تکلیف ہو

سورہ قریش کو ایک دفعہ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ۙ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمۡ رِحۡلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّیۡفِ ۚ﴿۲﴾ فَلۡیَعۡبُدُوۡا رَبَّ هٰذَا الۡبَیۡتِ ۙ﴿۳﴾ الَّذِیۡۤ اَطۡعَمَهُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ ۬ۙ وَّ اٰمَنَهُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ ۠﴿۴﴾

"قریش کے مانوس کرنے کے سبب۔ یعنی ان کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب۔ لوگوں کو چاہئے کہ (اس نعمت کے شکر میں) اس گھر کے مالک کی عبادت کریں۔ جس نے ان کو بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف سے امن بخشا۔"

گردے میں پتھری ہو

اس آیت کو اکیس (۲۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے کچھ دنوں تک پیتے رہیں۔

وَهُوَ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۵۷

اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت یعنی مینہ سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ بھاری بھاری بادلوں کو اٹھالاتی ہے تو ہم اس کو ایک مری ہوئی سی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر بادل سے مینہ برساتے ہیں پھر مینہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں۔ اسی طرح ہم مردوں کو زمین سے زندہ کر کے باہر نکالیں گے یہ آیات اس لئے بیان کی جاتی ہیں تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

(سورۃ اعراف: ۵۷)

مثانے کی بیماری کے لیے

اس آیت کو گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں۔ یہ عمل گیارہ دن تک جاری رکھیں۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾

"اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے خدا کی رحمت سے ناامید نہ ہو ناخدا تو سب گناہوں کو بخش دیتا ہے (اور) وہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔"

(سورۃ زمر : ۵۳)

پیشاب کی بیماری کے لیے

اس آیت کو روزانہ (۱۰۱) دفعہ پڑھیں۔

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۚ
اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾

"...اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔ کیا یہ لوگ پھر بھی ایمان نہیں لاتے۔"

(سورۂ انبیاء : ۳۰)

اگر پیشاب رک جائے

سورۂ اخلاص گیارہ دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٪﴿۴﴾

" کہو کہ وہ (ذات پاک ہے جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے۔ معبود برحق جو بے نیاز ہے۔ نہ کسی کا باپ ہے۔ اور نہ کسی کا بیٹا۔ اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔"

خوب پیشاب آتا ہو

اس آیت کو اکتالیس (۴۱) دفعہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے مریض کو چٹائیں یا میٹھی چیز بنا کر اسے کھلائیں یا پلائیں۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝۱۸

"اور ہم ہی نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا۔ پھر اس کو زمین میں ٹھہرا دیا اور ہم اس کے نابود کر دینے پر بھی قادر ہیں۔"

(سورۂ مومنون: ۱۸)

سوزاک (سوجاک) کی تکلیف ہو

نماز کے بعد اس آیت کو سات (۷) دفعہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۶۳﴾

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

"اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ وہ بہت رحم کرنے والا اور بڑا مہربان ہے۔"

(سورۂ بقرہ: ۱۶۳)

اس آیت کو پڑھ کر بازو پر دم کریں۔

لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيرًا ۚ ﴿١٣﴾

"نہ وہاں آفتاب کی گرمی دیکھیں گے نہ سردی کی سختی۔"

(سورۂ دہر : ۱۳)

انگوٹھے یا انگلی میں درد ہو

اس آیت کو (۳۰۰) دفعہ پڑھ کر تل کے تیل پر دم کر کے انگلی اور انگوٹھے پر مل لیں۔

لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ﴿١٩﴾

"اس سے نہ تو سر میں درد ہو گا اور نہ انکی عقلیں زائل ہوں گی۔"

(سورۃ واقعہ : ۱۹)

گھٹنے میں درد ہو

اس آیت کو پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیں۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىْ عَنِّىْ فَاِنِّىْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ

"اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں..."

(سورہ بقرہ: ۱۸۶)

دودھ میں زیادتی کے لیے

ماں اس آیت کو (۲۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کرلیں اور اسے (۲۱) دن تک پیتی رہیں۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۞

"اور ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف وحی بھیجی کہ اس کو دودھ پلاؤ جب تم کو اس کے بارے میں کچھ خوف پیدا ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ تو خوف کرنا اور نہ رنج کرنا ہم اس کو تمہارے پاس واپس پہنچادیں گے اور (پھر) اسے پیغمبر بنادیں گے۔"

(سورہٗ قصص: ۷)

حیض میں بے قاعدگی ہو

اس آیت کو (۳۴۱) دفعہ پڑھ کر زم زم کے پانی میں دم کر کے روزانہ پئیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

"... تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے۔ بیشک میں ظالموں میں ہو گیا۔"

(سورۂ انبیاء: ۸۷)

حیض کا خون کثرت سے آتا ہو

سورۂ کوثر روزانہ (۳۰۳) دفعہ پڑھ کر بارش کے پانی میں دم کر کے پی لیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾

اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿۳﴾

"(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے۔ تو اپنے پروردگار کے لئے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا۔"

خارش کے لیے

اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ صبح و شام اس آیت کو اکیس (۲۱) دفعہ پڑھ کر پانی میں دم کر کے پیتے رہیں۔

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۚ
ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ؕ ﴿۱۴﴾

"...پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست) چڑھایا پھر اس کو نئی صورت میں بنا دیا تو خدا جو سب سے بہتر بنانے والا ہے، بڑا بابرکت ہے۔"

(سورۃ مومنون : ۱۴)

احتلام کے لیے

سونے سے پہلے اس آیت کو پڑھیں۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ
لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾

"ان کے لئے دنیا کی زندگی میں بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔ خدا کی باتیں بدلتی نہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے۔"

(سورہ یونس: ٦٤)

بلڈ پریشر کے لیے

جو بلڈ پریشر کا مریض ہو وہ ان آیات کو ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

"...اور غصے کو روکتے اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں اور خدا نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے۔"

(سورۂ آل عمران: ۱۳۴)

شوگر کے لیے

دو ماہ ۱۵ دن تک بلاناغہ ۳ مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام یہ دعاء پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔ انشاء اللہ شوگر کا مرض جاتا رہے گا

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾

اور کہو کے اے پروردگار مجھے (مدینے میں) اچھی طرح داخل کیجیو اور (مکے سے) اچھی طرح نکالیو۔ اور اپنے ہاں سے زور و قوت کو میرا مددگار بنائیو۔

(سورۃ الاسراء: ۸۰)

کمزوری یا سوکھے پن کے لیے

اگر کوئی بچہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور ہو یا سوکھتا چلا جارہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو تو اول آخر درود شریف پڑھ کر ۴۱ دفعہ ۲۱ دن تک پڑھیں

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِى الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۚ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

"اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو ملک (مصر) میں جگہ دی اور وہ اس ملک میں جہاں چاہتے تھے رہتے تھے۔ ہم اپنی رحمت جس پر چاہتے ہیں کرتے ہیں اور نیکو کاروں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے۔"

(سورۂ یوسف: ۵۶)

تکلیف یا غم دور کرنے کے لیے

اگر کسی شخص کو اللہ کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچی ہو یا غم، یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو تو وہ اس دعا کو پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے لیے دین و دنیا میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾

"(اور کہیں گے) تم پر رحمت ہو (یہ) تمہاری ثابت قدمی کا بدلہ ہے اور عاقبت کا گھر خوب (گھر) ہے۔"

(سورۃ الرعد: ۲۴)

دماغی توازن کے لیے

اگر کسی شخص پر شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا جا رہا ہے یا اپنی اصلی حالت میں نہیں ہے یا شبہ ہو کہ کسی نے اس پر کچھ کر دیا ہے تو اس آیت کو ۴۱ دفعہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں۔

ذِیْ قُوَّۃٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَکِیْنٍ ۝۲۰
مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ ۝۲۱ وَمَا صَاحِبُکُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۝۲۲
وَلَقَدْ رَاٰہُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ ۝۲۳ وَمَا ھُوَ عَلَی الْغَیْبِ
بِضَنِیْنٍ ۝۲۴ وَمَا ھُوَ بِقَوْلِ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ ۝۲۵ فَاَیْنَ
تَذْھَبُوْنَ ۝۲۶ اِنْ ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۲۷ لِمَنْ
شَآءَ مِنْکُمْ اَنْ یَّسْتَقِیْمَ ۝۲۸ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ
یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۲۹

"جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا سردار (اور)

امانتدار ہے۔ اور (مکے والو) تمہارے رفیق (یعنی محمد) دیوانے نہیں

ہیں۔ بے شک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان کے کھلے کنارے

یعنی) مشرقی کنارے پر دیکھا ہے۔ اور وہ پوشیدہ باتوں (کے ظاہر

کرنے) میں بخیل نہیں۔ اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں۔ پھر تم کدھر

جا رہے ہو؟ یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے۔ (یعنی) اس

کیلئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے۔ اور تم کچھ نہیں چاہ سکتے مگر

وہی جو خدائے رب العلمین چاہے۔"

(سورۃ التکویر: ۲۰-۲۹)

لاعلاج بیماری کے لیے

جو ایسی بیماری میں مبتلا ہو جو نہ سمجھ میں آنے والی ہو یا لاعلاج ہو تو وہ بذات خود اس آیت کا کثرت سے ورد کرے۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾

"اور ایوب (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔"

(سورۃ الانبیاء: ۸۳)

بخار کی تیزی ختم کرنے کے لیے

بخار کی تیزی ختم کرنے کے لیے بار بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ غصہ اور ضد کو ختم کرنے کے لیے بھی اس دعا کا استعمال مفید ہے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾

"ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر (موجب) سلامتی (بن جا)۔"

(سورۃ الانبیاء: ٦٩)

تمام اعضاء کی درستی کے لیے

جو شخص چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضاء درست رہیں اور وہ تندرست رہے تو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ ۙ

"تو تم ایک طرف کے ہو کر دین (خدا کے راستے) پر سیدھا منہ کیے چلے جاؤ (اور) خدا کی فطرت کو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (اختیار کیے رہو) خدا کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔"

(سورۃ الروم: ۳۰)

ظالم کو دفعہ کرنے کے لیے

ظالم کو دفعہ کرنے کے لیے تین دن تک ۲۱ دفعہ پڑھیں۔ یہ آیت جلالی ہے اس کو ناجائز پڑھنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ جب ظالم کا ظلم ناقابل برداشت ہو جائے تب اس دعا کا استعمال کریں۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾

"غرض ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی۔ اور سب تعریف خدائے رب العالمین ہی کو (سزاوار ہے)۔"

(سورۃ الانعام : ۴۵)

آیاتِ شفاء

مکمّل سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھیں، آیاتِ شفاء خلوصِ دل سے پڑھیں اور فائدہ حاصل کریں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴﴾

"... اور مومن لوگوں کے سینوں کو شفا بخشے گا۔" (سورۂ توبہ: ۱۴)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

لوگو! تمہارے پاس پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفاء اور مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے۔

(سورۂ یونس: ۵۷)

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾

اور یہ بستیاں (جو ویران پڑی ہیں) جب انہوں نے (کفر سے) ظلم کیا تو ہم نے انکو تباہ کر دیا اور انکی تباہی کے لئے ایک وقت مقرر کر دیا تھا۔

(سورۃ الکہف: ۵۹)

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے۔ (سورۃ الاسراء: ۸۲)

...وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾

"...اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو مجھے شفا بخشتا ہے۔"

(سورۃ الشعراء: ۸۰)

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾

اور اگر ہم اس قرآن کو غیر زبان عرب میں (نازل) کرتے تو یہ لوگ کہتے کہ اسکی آیتیں (ہماری زبان میں) کیوں کھول کر بیان نہیں کی گئیں کیا (خوب کہ قرآن تو عجمی) اور (مخاطب) عربی کہہ دو کہ جو ایمان لاتے ہیں ان کے لئے (یہ) ہدایت اور شفا ہے اور جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی (یعنی بہرا پن) ہے اور یہ ان کے حق میں (موجب) نابینائی ہے گرانی کے سبب ان کو (گویا) دور جگہ سے آواز دی جاتی ہے۔

(سورہ فصلت : ۴۴)

کینسر کا علاج قرآنی آیات سے

تین مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھیں اور جتنی آسانی سے اور جس وقت بھی پڑھ سکیں پابندی سے پڑھنا ہو گا۔ مزید یہ کہ نماز کی پابندی کے ساتھ اگر ان آیات کا ورد کیا جائے تو بہت جلد فائدہ ہو گا انشاء اللہ۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے۔ (سورہ الاسراء: ۸۲)

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾

اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو مجھے شفا بخشتا ہے

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

"کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔" (سورہ المومنون: ۱۱۸)

اَمَّنۡ يُّجِيۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكۡشِفُ

السُّوۡٓءَ...

"بھلا کون بے قرار کی التجا قبول کرتا ہے جب وہ اس سے دعا کرتا ہے..."

(سورہ النمل: ۶۲)

قُلۡنَا يٰنَارُ كُوۡنِىۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ﴿۶۹﴾

"ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر (موجب) سلامتی (بن جا)۔" (سورۃ الانبیاء: ۶۹)

وَاَيُّوۡبَ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّىۡ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ

اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۸۳﴾

"اور ایوب (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔"

(سورۃ الانبیاء: ۸۳)

...اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾

"...میں (انکے مقابلے میں) کمزور ہوں تو (ان سے) بدلا لے۔"

(سورۃ القمر: ۱۰)

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ ۚ

"... تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بے شک میں قصوروار ہوں۔" (سورۃ انبیاء: ۸۷)

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

"تو ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کو غم سے نجات بخشی اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں۔"

(سورۃ الانبیاء: ۸۸)

اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ حَفِیۡظٌ ﴿۵۷﴾

"بیشک میرا پروردگار تو ہر چیز پر نگہبان ہے۔"

(سورۂ ہود : ۵۷)

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ ﴿۱۷۳﴾

"... ہم کو خدا کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔"

(سورۂ آل عمران : ۱۷۳)

وَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا ﴿۳﴾

"اور خدا پر بھروسہ رکھنا اور خدا ہی کارساز کافی ہے۔"

(سورۂ الاحزاب : ۳)

اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ ؕ

"کیا خدا اپنے بندے کو کافی نہیں؟" (سورۂ البقرہ : ۱۸۶)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾

"سب طرح کی تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے، جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔" (سورۂ الفاتحہ : ۱)

هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٧٨﴾

...وہی تمہارا دوست ہے اور خوب دوست اور خوب مددگار ہے۔

(سورۃ الحج: ۷۸)

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

...وہ خوب حمایتی اور خوب مددگار ہے۔

(سورۃ الانفال: ۴۰)

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾

تو خدا جو سب سے بہتر بنانے والا ہے، بڑا بابرکت ہے۔

(سورۃ المؤمنون: ۱۴)